**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 19.08.2024

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ترقی کی دوڑ میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ ناگزیر ہو چکا ہے، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | حکومت اورادارے سیلابی صورتحال کی نگرانی کرر ہے ہیں، وزیراعلیٰ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | وزیراعظم کی زیرصدارت بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کے سولرائزیشن کی جلد تکمیل کی ہدایت | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | نفرت کی سیاست کرنے والے ملک کے وفادارنہیں، ضیاء لانگو | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | حکومت جہالت کے خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پراقدامات کررہی ہے، باباغلام رسول | آزادی ودیگراخبارات |
| 06 | تحریک انصاف فتنہ جماعت اس سے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیئے، نورمحمد دمڑ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | نوجوانوں کی ترقی و بہبود کے بغیر ملک کی ترقی ممکن نہیں، ربابہ بلیدی | آزادی ودیگراخبارات |
| 08 | حسن روٗف کے بھارتیوں کے ساتھ روابطہ خطرناک ہیں، میرظہور بلیدی | آزادی ودیگراخبارات |
| 09 | فتنہ الخوارج کے مذموم عزائم کوناکام بنانے میں ایف سی کا کردارمثالی ہے، وفاقی وزیرمحسن نقوی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن اقبال شاہ اورمزدوررہنماؤں کی ملاقات | آزادی ودیگراخبارات |
| 11 | بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کیلئے ہرممکن اقدامات اٹھائے جائینگے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | مانکی پاکس کے پیش نظر بلوچستان میں ہائی الرٹ جاری | مشرق ودیگراخبارات |
| 13 | ایف سی نارتھ کی کارروائیوں میں کروڑوں روپے کا ڈیزل، موبائل اوردیگراشیاء برآمد | آزادی ودیگراخبارات |
| 14 | چمن میں ہیضے کے 600مریض ہسپتالوں میں بسترکم پڑگئے | آزادی ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان محکمہ موسمیات نے 8ڈویژنز میں سیلابی وارننگ جاری کردی | باخبرودیگراخبارات |
| 16 | ملک کے کئی علاقوں سے بلوچستان کازمینی رابطہ منقطع 6افراد جاں بحق | انتخاب ودیگراخبارات |
| 17 | آزادعدلیہ کیلئے چلائی گئی وکلا کی تحریک اپنے اہداف حاصل نہ کرسکی، اصغراچکزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | کوئٹہ میں لینڈمافیا کیخلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے، جمعیت ن | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

پنجگور چوری کے موبائل فروخت کرنے والاملزم گرفتار، گرفتارملزم چھڑانے کیلئے اہل علاقہ کاتھانے کے سامنے دھرنا، لورالائی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق،

## عوامی مسائل:

کلی لوہڑ کاریز کاٹیوب ویل خراب قلت آب کامسئلہ سنگین ہوگیا، بھاگ تابختیارآبادروڈ سیلابی پانی کی نذر، عوام کومشکلات کاسامنا، کوئٹہ میں زائرین کی آمدورفت کے باعث شہرمیں بدترین ٹریفک جام،

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 19.08.2024

**اداریہ :**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**وبائی امراض سے بچاؤ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ان دنوں بین الاقوامی سطح پر منکی پاکس نامی مرض سراٹھا رہا ہے اور عالمی ادارہ صحت کی ہدایات کی روشنی میں جملہ ممالک اس سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کررہے ہیں۔حکومت پاکستان نے اس خطرہ کے پیش نظر اپنے ہوائی اڈوں پر نگرانی سخت کرتے ہوئے بیرون ملک سے آنے والے مسافروں کو فیس ماسک فراہم کرنے کا حکم دیا ہے۔مسافروں کا سامان لاونج میں بھیجنے سے پہلے ڈس انفیکٹ کیا جائے گا جبکہ منکی پاکس سے متاثرہ یا مشکوک شخص کو محکمہ صحت کے حوالے کیا جائے گا۔ادھر کوئٹہ میں کانگووائرس میں مبتلا ایک اور مریض کے دم توڑنے کی اطلاع ہے جس کے بعد بلوچستان میں اس مرض سے ہلاکتوں کی تعداد پانچ ہوگئی ہے۔کراچی میں کانگووائرس کی موجودگی پائی گئی ہے۔ملک کے مختلف علاقوں میں ڈینگی مچھر کی افزائش کا سیزن شروع ہوگیا ہے۔ایک اور باعث تشویش صورتحال پولیو وائرس کے بارے میں لاحق ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بارشوں کی تباہ کاریاں جاری :متاثرین حکومتی توجہی کے منتظر**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**طوفانی بارشیں ،بلوچستان میں مواصلاتی نظام درہم برہم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**کیچ بارڈر کی بندش ،سرحدی علاقوں کے مکین معاشی بدحالی کا شکار**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "**Balochistan needs relief**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "**Ghost Employees Epidemic**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 1

## جدید ٹیکنالوجی کے بغیر اداروں کی کارکردگی سست روی کا شکار ہے، گورنر

### عام فائل نکلنے میں کئی ماہ لگ جاتے ہیں، محکموں کی کمپیوٹرائزیشن وقت کی ضرورت ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ اچھی طرز حکمرانی اور مضبوط انتظامیہ کیلئے ڈھانچہ جاتی فریم ورک فراہم کرنے میں ہمارے ادارے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن ایک کمزور ریڑھ کی ہڈی کے ساتھ اعلیٰ کارکردگی اور باوقار مستقبل کی توقعات نہیں رکھی جاسکتی کیونکہ تجربہ سے ثابت ہے کہ ایک کمزور بنیاد بھی بلند حوصلوں کی حمایت نہیں کرسکتی گورنر نے بیان میں کہا کہ یہ ہماری اجتماعی بدقسمتی ہے کہ ڈیجیٹل انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس تیز رفتار دور میں بھی ہمارے اکثر اداروں اور ڈائریکٹوریٹس کے کوائف اور اعداد وشمار کمپیوٹرائزڈ نہیں اگر ہم نے جدید تقاضوں اور عوامی ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر فوری طور پر اپنے سسٹم اور اداروں کی کمپیوٹرائزیشن نہیں کی تو مستقبل قریب میں ہم بڑے خدشات سے دوچار ہوسکتے ہیں گورنر نے کہا کہ ان خامیوں پر فوری طور پر قابو پانے کیلئے ہمیں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو بروئے کار کر انقلابی اقدامات اٹھانے ہوں گے کیونکہ اپنے سسٹم اور اداروں کو کمپیوٹرائزڈ کیے بغیر ہماری مجموعی کارکردگی سست روی کا شکار ہے۔ سرکاری دفاتر میں ایک عام فائل نکلنے میں بھی کئی ماہ لگ جاتے ہیں جس سے ہم سب کا قیمتی وقت، توانائی اور سرمایہ وغیرہ ضائع ہوتا ہے اور عام لوگ مایوس کا شکار ہوجاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ دفتری کارکردگی میں تیزی لائیں اداروں میں کمپیوٹرائزیشن کو یقینی بنائیں اور لوگوں میں موجود بیگانگی اور احساس محرومی کو دور کرنے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات اٹھائیں۔

MASHRIQ QUETTA

## ترقی کی دوڑ میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ ناگزیر ہو چکا ہے، گورنر بلوچستان

### ٹیکنالوجی کے اس تیز رفتار دور میں بھی ہمارے اکثر اداروں اور ڈائریکٹوریٹس کے کوائف اور اعداد وشمار کمپیوٹرائزڈ نہیں، جعفر مندوخیل

### ملک وصوبے میں اچھی طرز حکمرانی اور مضبوط انتظامیہ کیلئے ڈھانچہ جاتی فریم ورک میں ادارے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

### دفتری کارکردگی میں تیزی لائیں، اداروں میں کمپیوٹرائزیشن کو یقینی بنائیں تاکہ مستقبل کے چیلنجز سے بہتر انداز میں نمٹا جاسکے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ملک وصوبے میں اچھی طرز حکمرانی اور مضبوط انتظامیہ کیلئے ڈھانچہ جاتی فریم ورک فراہم کرنے میں ہمارے ادارے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن ایک کمزور اور لاغر ریڑھ کی ہڈی کے ساتھ اعلیٰ........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کارکردگی اور باوقار مستقبل کی توقعات نہیں رکھی جاسکتی کیونکہ تجربے سے ثابت ہے کہ ایک کمزور بنیاد کبھی بھی بلند عزائم کی حمایت نہیں کرسکتی۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ ہماری اجتماعی بدقسمتی ہے کہ ڈیجیٹل انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اس تیز رفتار دور میں بھی ہمارے اکثر اداروں اور ڈائریکٹوریٹس کے کوائف اور اعداد وشمار کمپیوٹرائزڈ نہیں ہیں۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کردیا کہ اگر ہم نے جدید تقاضوں اور عوامی ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر فوری طور پر اپنے سسٹم اور اداروں کی کمپیوٹرائزیشن نہیں کی تو مستقبل قریب میں ہم بڑے خدشات سے دوچار ہوسکتے ہیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ان خامیوں پر فوری طور پر قابو پانے کیلئے ہمیں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو بروئے کار کر انقلابی اقدامات اٹھانے ہوں گے کیونکہ اپنے سسٹم اور اداروں کو کمپیوٹرائزڈ کیے بغیر ہماری مجموعی کارکردگی سست روی کا شکار ہے۔ سرکاری دفاتر میں ایک ادنیٰ سی فائل نکلنے میں بھی کئی مہینے لگ جاتے ہیں جس سے ہم سب کا قیمتی وقت، توانائی اور سرمایہ وغیرہ ضائع ہوتے ہیں اور عام لوگ تو طویل مایوسیوں کا شکار ہو جاتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ دفتری کارکردگی میں تیزی لائیں، اداروں میں کمپیوٹرائزیشن کو یقینی بنائیں اور لوگوں میں موجود بیگانگی اور احساس محرومی کو دور کرنے کیلئے ٹھوس عملی اقدامات اٹھائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 Dated: 19 AUG 2024 Page No. 2


# Governor stresses digitization of all institutions

**Staff Report**

**QUETTA**: Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhail has said that our institutions are the backbone in providing a structural framework for good governance and strong administration in the country and province, but with a weak and weak backbone, high performance and expectations of a dignified future cannot be placed because experience proves that a weak foundation can never support lofty ambitions.

In a statement issued here, he said that it is our collective misfortune that even in this fast-paced era of digital information technology, the data of most of our institutions and directorates are not computerized.

He made it clear in blunt words that if we do not immediately computerize our systems and institutions to meet the modern requirements and public needs, then we may face big concerns in the near future.

Governor Balochistan said that in order to overcome these shortcomings immediately, we have to take revolutionary steps by using digital technology because without computerizing our systems and institutions, our overall performance is suffering from slowness.

Even a small file in the government offices takes many months, which wastes our precious time, energy and capital etc. and the common people suffer from long frustrations, so it is necessary to speed up the office efficiency, ensure computerization in institutions and take concrete practical steps to remove alienation and sense of deprivation among people.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 | پیر 13 صفر 1446ھ 19 اگست 2024ء صفحات 08 | شمارہ 51

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

## حکومت اور ادارے سیلابی صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ

مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں، میر سرفراز بگٹی

قدرتی آفات کے گزرنے کے بعد متاثرین کی بحالی کے لئے بھی فوری کام شروع کر دیا گیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان اور ڈپٹی کمشنرز باہمی تعاون سے صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ قدرتی آفات کے گزر......

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

نے کے بعد متاثرین کی بحالی کے لئے بھی فوری کام شروع کر دیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Page No. 6

Bullet No. 1


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز پیر 19 اگست 2024ء بمطابق 13 صفر المظفر 1446ھ | شمارہ نمبر 227


## بارش متاثرین کی بحالی کیلئے فوری کام شروع کردیا گیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

**صوبے کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں**

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان اور ڈپٹی کمشنرز باہمی تعاون سے صورتحال کی مسلسل نگرانی کررہے ہیں۔ قدرتی آفات کے گزرنے کے بعد متاثرین کی بحالی کے لئے بھی فوری کام شروع کردیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-23 | پیر 19 اگست 2024ء بمطابق 13 صفر المظفر 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-225

Bullet No. 1

Page No. 5

## بارشوں سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں وزیراعلیٰ

### پی ڈی ایم اے، ڈپٹی کمشنرز صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان کے مختلف اضلاع (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 2 پر)

میں مون سون بارشوں کی وجہ سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان اور ڈپٹی کمشنرز باہمی تعاون سے صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ قدرتی آفات کے گزرنے کے بعد متاثرین کی بحالی کے لیے بھی فوری کام شروع کر دیا گیا ہے۔

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حید رالامین

جلد 79 | پیر 19 اگست 2024ء، 13 صفر المظفر 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 227


# بارشوں سے متاثرین کی بحالی کیلئے فوری کام شروع کر دیا گیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں، میر سرفراز بگٹی

**پی ڈی ایم اے بلوچستان اور ڈپٹی کمشنرز باہمی تعاون سے صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں**

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مون سون بارشوں کی وجہ سے تباہ کاریوں کی اطلاعات مل رہی ہیں۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان اور ڈپٹی کمشنرز باہمی تعاون سے صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ قدرتی آفات کے گزرنے کے بعد متاثرین کی بحالی کے لئے بھی فوری کام شروع کر دیا گیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 19 AUG 2024 Page No. 8


وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس

# بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کے سولرائزیشن کی جلد تکمیل کی ہدایت

وفاقی وزیر پاور اور وفاقی سیکرٹری پاور کو بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی، انسداد بجلی اور دیگر معاملات پر صوبائی حکومتوں سے رابطہ کرنے کی ہدایت، بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں سے متعلق بھی احکامات جاری

**انسداد بجلی چوری کے لئے ہول آف دی گورنمنٹ اپروچ اپنائی جائے بجلی کی ترسیل کی پانچ کمپنیوں میں نئے بورڈ چیئرمین اور ممبران کی تعیناتی ایک شفاف عمل کے ذریعے کی گئی ہے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب**

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر پاور اور وفاقی سیکرٹری پاور کو بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی، انسداد بجلی اور دیگر معاملات پر چاروں صوبوں کا دورہ کرنے اور صوبائی حکومتوں سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی ہے کہ انسداد بجلی چوری کے لئے ہول آف دی گورنمنٹ اپروچ اپنائی جائے بجلی کی ترسیل کی پانچ کمپنیوں میں نئے بورڈ چیئرمین اور ممبران کی تعیناتی ایک شفاف عمل کے ذریعے کی گئی ہے، امید ہے ان نئی تعیناتیوں سے ڈسکوز کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں موجود کرپٹ عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت وزارت توانائی، پاور ڈویژن کے امور پر جائزہ اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بجلی چوری کی (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

روک تھام، لائین لاسز میں کمی اور بجلی کی ترسیل کے نظام کو بہتر کرنا توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے حوالے سے حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، حال ہی میں بجلی کی ترسیل کی پانچ کمپنیوں میں نئے بورڈ چیئرمین اور ممبران کی تعیناتی ایک شفاف عمل کے ذریعے کی گئی ہے، امید ہے ان نئی تعیناتیوں سے ڈسکوز کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ وزیراعظم نے وفاقی وزیر پاور اور وفاقی سیکرٹری پاور کو بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی کارکردگی، انسداد بجلی اور دیگر معاملات پر چاروں صوبوں کا دورہ کرنے اور صوبائی حکومتوں سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی کہ انسداد بجلی چوری کے لئے ہول آف دی گورنمنٹ اپروچ اپنائی جائے۔ وزیراعظم نے صوبائی حکومتوں کو انسداد بجلی چوری کے حوالے سے پولیس فورس اور تحصیلداروں کی تعداد ڈسکوز کی ضرورت کے مطابق پوری کرنے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں موجود کرپٹ عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے ڈسکوز کی عوامی شکایات کے ازالے کے حوالے سے کچہریوں کے نظام کو موثر اور نتیجہ خیز بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے حوالے سے بنائی گئی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس فی الفور طلب کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اجلاس کو پاور ڈویژن کے مختلف امور پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے حوالے سے ایس او پیز اور اسٹیئرنگ کمیٹی کو تشکیل دے دیا گیا ہے۔ اجلاس کو مزید آگاہ کیا گیا کہ اچھی کارکردگی دکھانے والے افسران کی پذیرائی کے حوالے سے میکنزم تیار کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر پاور اویس احمد خان لغاری اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی

## نفرت کی سیاست کرنے والے ملک کے وفادار نہیں، ضیاء لانگو

### رؤف حسن اور اس کے سہولت کاروں کیخلاف کڑی تحقیقات کی جائیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی نائب صدر/صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ سیاست کی آڑ ملک کی سلامتی پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کر سکتے ہیں نفرت کی سیاست کرنے والے کبھی ملک کے وفادار نہیں ہو سکتے روف حسن کی ریاست مخالف بیانیے کو پھیلانے میں بھارتی سہولت کاری بے نقاب ہوئی ہے انہوں نے بیان میں کہا کہ ڈیجیٹل دہشت گردی کے ذریعے دشمن بھارت پاکستان کے خلاف سازشیں کر رہا ہے ہندوستان کو پاکستان کی ترقی وخوشحالی ہضم نہیں ہورہی سیاست کی آڑ میں نفرت، انتشار کی بجائے ملک کا سوچیں حساس معلومات کو پہنچانے کا مقصد ریاست مخالف بیانیے کو بھارتی میڈیا میں پروپیگنڈے کے طور پر استعمال کرتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ثبوتوں کے پیش نظر روف حسن اور اس کے سہولت کاروں کے خلاف مکمل اور کڑی تحقیقات کی جانی چاہیے۔

## تحریک انصاف فتنہ جماعت، اس سے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہئے، نور محمد دمڑ

### بانی پی ٹی آئی کے ریاست مخالف بیانیے کو پھیلانے میں بھارتی سہولت کاری بے نقاب ہوگئی

ہرنائی (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے تحریک انصاف کے ترجمان رؤف حسن کے بھارت کیساتھ تعلقات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ریاست مخالف بیانیے کو پھیلانے میں بھارتی سہولت بے نقاب ہوگئی ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاست کی آڑ میں ملک کی سلامتی پر سمجھوتہ نہیں کر سکتے۔ نفرت کی سیاست کرنے والے کبھی ملک کے وفادار نہیں ہو سکتے، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ روف حسن کا ریاست مخالف بیانیے کو پھیلانے میں بھارتی سہولت کاری بے نقاب ہوگئی، سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل دہشت گردی کے ذریعے دشمن ملک بھارت پاکستان کے خلاف سازشیں کر رہا ہے۔ پی ٹی آئی سیاست کی آڑ میں نفرت، انتشار کے بجائے ملک کا سوچیں، حساس معلومات کو پہنچانے کا مقصد ریاست مخالف بیانیے کو بھارتی میڈیا میں پروپیگنڈے کے طور پر استعمال کرنا تھا، تمام ثبوتوں کے پیش نظر رؤف حسن اور اس کے سہولت کاروں کے خلاف مکمل اور کڑی تحقیقات کی جانی چاہیے۔ تحریک انصاف فتنہ جماعت ہے جس سے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ ملکی سالمیت سے کھیلنے کی پاداش میں تحریک انصاف پر پابندی عائد کی جائے۔

## حکومت جہالت کے خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کررہی ہے، بابا غلام رسول

### محنت و افرادی قوت کے ذریعے نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کیلئے بھی ہنگامی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پیپلز پارٹی کے صوبائی مشیر محنت افرادی قوت سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت صوبے سے جہالت کی تاریکی کے خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے لیبر اینڈ مین پاور کے زیر اہتمام 400 طلبہ کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لیے حکومت انہیں اسلام آباد بھیج رہی ہے تاکہ ان بچوں کو صحیح معنوں میں علم کے زیور سے آراستہ کیا جا سکے عنقریب وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی لیبر اینڈ مین پاور کہ اس اقدام کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شریک ہوں گے امور محنت و افرادی قوت کے ذریعے نوجوانوں کو باصلاحیت بنانے کے لیے بھی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کا سلسلہ جاری ہے تاکہ یہ نوجوان تربیت یافتہ ہوکر اپنے گھروں کے خود کفیل بن سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بابا ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ملنے والے مختلف عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے تمام مسائل کے حل کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں تاکہ لوگوں کی زندگیوں میں مزید آسانیاں لائی جاسکیں صوبے بھر کے نوجوان بے روزگاروں کو روزگار کی فراہمی اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات کا حصہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی نگرانی میں صوبے بھر کے لیے یکساں بنیادوں پر ترقیاتی عمل بھی جاری ہے ان شاءاللہ بہت جلد حکومتی اقدامات عوام کی دہلیز پر میسر ہوں گے۔

## نوجوانوں کی ترقی وبہبود کے بغیر ملک کی ترقی ممکن نہیں، ربابہ بلیدی

### حکومت بلوچستان کی جانب سے یوتھ پالیسی کی منظوری اہم قدم ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے عالمی یوم نوجوانان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ نوجوان کسی بھی قوم کا حقیقی سرمایہ ہیں اور ان کی ترقی وبہبود کے بغیر کسی بھی ملک کی ترقی ممکن نہیں۔ پاکستان کی 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، اور یہ طبقہ ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ اگر اس طبقے پر مناسب سرمایہ کاری کی جائے تو یہ تمام شعبوں میں مثبت تبدیلیاں لاسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے حالیہ یوتھ پالیسی کی منظوری صوبے کے نوجوانوں کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ اس پالیسی کا مقصد نوجوانوں کو ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے ایک سازگار ماحول فراہم کرنا ہے، تاکہ وہ نہ صرف اپنے انفرادی مقاصد حاصل کر سکیں بلکہ صوبے اور ملک کی ترقی میں بھی نمایاں کردار ادا کر سکیں۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معاشی، سماجی، تعلیمی اور صحت کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 10


## فتنہ الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے میں ایف سی کا کردار مثالی ہے، محسن نقوی

**فرنٹیئر کور ساؤتھ کے افسران اور جوان بلوچستان میں امن کے لئے ہراول دستے کا کردار ادا کر رہے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ**

**بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک پیج پر آنا ہوگا، یادگار شہدا پر حاضری، پھول رکھنے کے بعد بات چیت**

**افسران و جوانوں کی بہادری پر ناز ہے فورسز نے گزشتہ 6 ماہ میں 4 ارب 70 کروڑ روپے کی اشیاء قبضے میں لے لیں، وزیر داخلہ کو بریفنگ**

تربت (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فرنٹیئر کور ساؤتھ کے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری پر ناز ہے ان کی ضروریات کو وسائل میں رہتے ہوئے پورا کیا جائے گا بلوچستان کی خوشحالی و ترقی پائیدار امن سے منسلک ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لئے جامع اقدامات کی ضرورت ہے اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک پیج پر آنا ہوگا فورسز نے گزشتہ 6 ماہ میں 4 ارب 70 کروڑ روپے کی اشیاء قبضے میں لی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز فرنٹیئر کور ساؤتھ بلوچستان کے ہیڈکوارٹر کے دورہ کے دوران کیا۔ فرنٹیئر کور ساؤتھ کے آئی جی میجر جنرل بلال سرفراز خان نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا استقبال کیا وزیر داخلہ محسن نقوی کی یادگار شہدا پر حاضری، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی انہوں نے فرنٹیئر کور کے شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی زیر صدارت فرنٹیئر کور ساؤتھ کے ہیڈکوارٹر میں اہم اجلاس فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشنز اور انسداد سمگلنگ کی کارروائیوں کے بارے بریفنگ دی گئی انہوں نے بلوچستان میں قیام امن اور انسداد سمگلنگ کیلئے فرنٹیئر کور ساؤتھ کی کارکردگی کو سراہا فتنہ الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے میں ایف سی ساؤتھ فرنٹ لائن پر ہے فرنٹیئر کور نے مشکل حالات میں امن کیلئے مثالی خدمات انجام دی ہیں فرنٹیئر کور ساؤتھ کے افسران اور جوان بلوچستان میں امن کے لئے ہراول دستے کا کردار ادا کر رہے ہیں۔

## حسن رؤف کے بھارتیوں کے ساتھ روابط خطرناک ہیں، میر ظہور بلیدی

**بھارتی میڈیا میں ان کی لابنگ پی ٹی آئی کی اعلیٰ قیادت کے خلاف ٹھوس ثبوت ہے**

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری حسن رؤف کے بھارتیوں کے ساتھ خفیہ روابط پاکستان کی قومی سلامتی کے لیے انتہائی تشویشناک ہیں۔ بھارتی میڈیا میں ان کی لابنگ پی ٹی آئی کی اعلیٰ قیادت کے خلاف پاکستان کی عسکری قیادت کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد کو ظاہر کرتی ہے۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن اقبال شاہ اور مزدور رہنماؤں کی ملاقات

**پیپلز پارٹی کا منشور ملک کے غریب عوام کیلئے روٹی کپڑا اور مکان کی فراہمی کا وعدہ ہے**

**ٹھوس اقدامات اٹھانے سے محنت کشوں کے مسائل میں کمی آسکتی ہے، وفد کی بات چیت**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سید اقبال شاہ آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کے صدر حاجی محمد رمضان اچکزئی بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ بلوچستان میں محنت کش طبقہ کے مسائل کے حل اور بلوچستان کے غریب عوام کیلئے سہولیات۔۔۔۔۔۔۔۔

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کی فراہمی کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات سے ہی حکومت پر عوام کا اعتماد بحال ہوگا، انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی منشور ملک کے غریب عوام کیلئے روٹی کپڑا اور مکان کی فراہمی کا وعدہ ہے جس کیلئے صوبائی حکومت کو ایک منصوبہ بندی کے تحت اقدامات اٹھانے سے مسائل میں کمی آسکتی ہے ان خیالات کا اظہار مزدور رہنماؤں نے سید اقبال شاہ کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا فوکل پر تعینات ہونے مبارکباد دی اس موقع پر عابد بٹ، محمد عمر جنگ، سید آغا محمد، نجیب اللہ مری و دیگر رہنماء بھی موجود تھے، مزدور رہنماؤں نے سید اقبال شاہ کی وزیر اعلیٰ بلوچستان کا فوکل پرسن تعیناتی کو خوش آئند قرار دیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 11


## پولیو کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، چیف سیکرٹری

**شکیل قادر خان کا ڈپٹی کمشنرز کی پولیو کے بڑھتے کیسز سے متعلق ورکشاپ سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ پولیو کا خاتمہ حکومت کی ترجیح ہے بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے تمام ڈپٹی کمشنرز انسداد پولیو مہم کی خود نگرانی کرتے ہوئے مہم کو ہر صورت کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں تا کہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنایا جا سکے بلوچستان میں پولیو وائرس کے بڑھتے ہوئے کیسز کے مدنظر بلوچستان کے ڈپٹی کمشنرز کے لئے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات، ای پی آئی کوآرڈینیٹر، ڈائریکٹر جنرل صحت، نیشنل اور صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے کوآرڈینیٹرز سمیت دیگر شراکت داروں کے نمائندوں نے شرکت کی ورکشاپ میں ڈپٹی کمشنرز کو صوبے میں پولیو کے بڑھتے ہوئے کیسز کی حساسیت اور اہمیت سے متعلق آگاہ کیا گیا اس موقع پر شرکاء کو مختلف اضلاع میں انسداد پولیو مہم کے دوران درپیش مسائل، نگرانی کے نظام، صوبے میں حفاظتی ٹیکہ جات لگوانے کی شرح میں کمی اور بچوں تک رسائی میں مشکلات پر تفصیلی طور پر آگاہ اور مسائل کے حل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ورکشاپ میں ایمرجنسی آپریشن سینٹر کی جانب سے تمام ڈپٹی کمشنرز کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی گئی۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پولیو کے خاتمے کے لئے موثر مہم چلانے کی اور تمام بچوں میں حفاظتی ٹیکہ جات لگوانے کی بھی ضرورت ہے۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ انسداد پولیو مہم کی خود نگرانی کرتے ہوئے مہم کو ہر صورت کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں تا کہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ حکومت کی ترجیح ہے بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اس موقع پر شراکت دار تنظیموں نے بھی پولیو کے خاتمے کے لئے تمام اضلاع میں انسداد پولیو مہم کامیاب بنانے کے لئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔


MASHRIQ QUETTA


## بلوچستان میں پولیو کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، چیف سیکرٹری

**تمام ڈپٹی کمشنرز انسداد پولیو مہم کی خود نگرانی کرتے ہوئے مہم کو ہر صورت کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں**

**پولیو کے خاتمے کے لئے موثر مہم چلانے کی اور تمام بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگوانے کی بھی ضرورت ہے، شکیل قادر خان**

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ پولیو کا خاتمہ حکومت کی ترجیح ہے بلوچستان....... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

میں پولیو کے خاتمے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے تمام ڈپٹی کمشنرز انسداد پولیو مہم کی خود نگرانی کرتے ہوئے مہم کو ہر صورت کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں تا کہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنایا جا سکے۔ بلوچستان میں پولیو وائرس کے بڑھتے ہوئے کیسز کے مدنظر بلوچستان کے ڈپٹی کمشنرز کے لئے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات، ای پی آئی کوآرڈینیٹر، ڈائریکٹر جنرل صحت، نیشنل اور صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے کوآرڈینیٹرز سمیت دیگر شراکت داروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 12

## چمن میں ہیضے کے 600 مریض، ہسپتالوں میں بستر کم پڑ گئے

[illegible]

چمن (ٹی این) چمن میں ہیضے کی وباء پھوٹ پڑنے کے فوراً بعد ڈی سی چمن کیپٹن (ر) راجہ اطہر عباس، محکمہ صحت چمن اور قبائلی مشر سابق صوبائی وزیر حاجی نصیر احمد باچا خان اچکزئی کی درخواست پر چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ نے ڈی جی ہیلتھ بلوچستان کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ جلد سے جلد چمن کے لیے ڈاکٹروں کی ٹیم تیار کر کے بھیجی جائیں اور ادویات اور دیگر ضروری سامان پہنچایا جائے تاکہ ہیضے کی وباء کی روک تھام کو یقینی بنایا جاسکے، چمن میں گزشتہ ایک دن سے اچانک ہیضے کی وباء پھوٹ پڑی ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں چھ سو سے زائد مریض لائے گئے ہیں جس سے ہسپتالوں میں بستر کم پڑ گئے ہیں ادویات اور دیگر ضروری سامان کی کمی کا سامنا ہے مریضوں کے ساتھ آنے والے لوگ خود بازار سے ادویات خرید کر لا رہے ہیں ڈی سی چمن اے ڈی سی اور ڈی ایچ او چمن کل سے ہسپتال میں موجود ہیں مسلسل نگرانی خود بھی کر رہے ہیں اور انہوں نے ہسپتال میں موجود لوگوں کے ساتھ ہر قسم کی مدد اور تعاون کرنے پر لگا دیا ہے، ڈی سی اور ڈی ایچ او نے ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی ہے اور تمام ڈاکٹرز اور سٹاف کو 24 گھنٹے ہسپتال میں موجود رہنے کی سختی سے تاکید کی گئی ہے

انہوں نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع کی اس کڑی میں تمام مریضوں کے علاج معالجہ کو یقینی بنایا جائے اس موقع پر ہسپتال میں موجود ڈاکٹروں نے کہا کہ ضلع چمن اور ضلع قلعہ عبداللہ [illegible] کے بعد ہسپتال میں ڈاکٹروں، سٹاف، ادویات اور دیگر ضروری سامان کی کمی کا سامنا ہے۔ ایک وسیع علاقہ اور سرحدی ضلع ہونے کے ناطے ہر حوالے سے مشکلات اور مسائل کا سامنا کر رہا ہے۔ اس موقع پر موجود ڈاکٹروں نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں کمرے، ادویات، ڈاکٹروں اور لیبارٹری وغیرہ کی بھی کمی کا سامنا ہے جس کے لیے صوبائی حکومت کی مدد و تعاون درکار ہے۔

## منکی پاکس کے پیش نظر بلوچستان میں ہائی الرٹ جاری

کوئٹہ (این این آئی) خیبرپختونخوا سے تعلق رکھنے والے شخص میں منکی (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

پاکس کا کیس رپورٹ ہونے کے بعد بلوچستان میں بھی ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے محکمہ صحت بلوچستان نے صوبے کے تمام ایئرپورٹس، ایران اور افغانستان کے ساتھ بارڈر کراسنگ پوائنٹس، اندرون ملک سے صوبے میں داخل ہونے والے زمینی راستوں پر کڑی نگرانی کی ہدایت کی ہے دوسری جانب منکی پاکس کے پھیلاؤ کے پیش نظر بی ایم سی ہسپتال میں آئسولیشن وارڈ قائم کرنے کی بھی ہدایت کر دی گئی ہے۔

## نجی پولیس کے اہلکار کو ڈی سی کی طرف سے 20 ہزار انعام

سبی (ٹی این) [illegible] علاقے میں [illegible] نعمت اللہ نے بچا لیا [illegible] ڈی سی [illegible] غلام جان بلوچ نے بھی اپنا [illegible] نعمت اللہ کی جرات اور بہادری پر [illegible] نقد 20 ہزار روپے انعام کا اعلان کیا [illegible] کہ ایک انسان کی جان بچانا پوری انسانیت کی جان بچانے کے مترادف ہے اس لیے ہمیں انسانیت کی خدمت کو اپنا فریضہ سمجھنا چاہیے اور ایک دوسرے کی مدد کیلئے ہم سب کو تیار رہنا چاہیے نعمت اللہ نے جو کردار ادا کیا وہ قابل تحسین ہے۔

## ایف سی نارتھ کی کارروائیوں میں کروڑوں روپے کا ڈیزل، موبائل اور دیگر اشیاء برآمد

[illegible]

کوئٹہ (این این آئی) ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے دیگر اداروں کے ہمراہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں انسداد اسمگلنگ کی کامیاب کارروائیاں جاری، کروڑوں روپے مالیت کا ڈیزل، موبائل سمیت دیگر اشیاء برآمد کر لی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ایف سی بلوچستان (نارتھ) نے دیگر اداروں کے ساتھ مل کر 24 جولائی تا 11 اگست 2024 کے دوران ایرہ، مراد جمالی، بارکھان، نوشکی، چمن، لورالائی، ژوب اور مستونگ کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی اشیاء کی اسمگلنگ کو ناکام بناتے ہوئے 106 [illegible]، 7215 لیٹر ایرانی ڈیزل، 625 موبائل فونز اور دیگر اشیاء برآمد کر لیں۔ ایف سی نے ضبط شدہ سامان کسٹم حکام کے حوالے کر دیا۔ ذرائع کے مطابق اسمگلرز یہ اشیاء ٹرکوں، مسافر بسوں اور خفیہ راستوں کے ذریعے اسمگل کر رہے تھے جسے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی جانب سے ناکام بنا دیا گیا۔

Century Express Quetta

## رؤف حسن کی سرگرمیوں کی تحقیقات کی جائیں اسپیکر بلوچستان

**بھارتی صحافی سے رابطوں کے شواہد قومی سلامتی کی سنگین خلاف ورزی ہے، عبدالخالق اچکزئی**

کوئٹہ (پ ر) اسپیکر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل رؤف حسن کے بھارتی صحافی کے ساتھ رابطوں کے چونکا دینے والے شواہد کی شدید مذمت کی ہے۔ اسپیکر نے کہا آج پاکستان کی خودمختاری کے خلاف ایک بہت بڑا پروپیگنڈا بے نقاب ہوا ہے۔ رؤف حسن کے واٹس ایپ پیغامات ریاست مخالف بیانیہ کو فروغ دینے کے لیے بھارتی میڈیا کے ساتھ واضح تعاون کو ظاہر کرتے ہیں، جس سے قومی سلامتی اور استحکام پر سمجھوتہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا یہ عمل امانت میں خیانت اور ملکی مفادات کی خلاف ورزی ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ ایسے شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ رؤف حسن اور پی ٹی آئی قیادت نے بھارتی صحافی کے ساتھ پاکستان کے عسکری اور سیاسی معاملات کے بارے میں حساس معلومات شیئر کر (باقی صفحہ 5 نمبر 42)

کے پاکستان مخالف موقف کا اظہار کیا۔ اسپیکر نے کہا کہ یہ قومی سلامتی کی سنگین خلاف ورزی ہے اور پی ٹی آئی کی غیر ملکی طاقتوں سے وفاداری کا واضح اشارہ ہے۔ اسپیکر نے مطالبہ کیا کہ رؤف حسن کی سرگرمیوں اور غیر ملکی اداروں کے ساتھ روابط کی مکمل اور فوری تحقیقات کی جائے اور غداری کے مرتکب افراد کو جلد از جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارے ملکی مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## چیف جسٹس کے حکم پر ڈاکٹروں کی ٹیم چمن پہنچ گئی

**ہیضے کے مریضوں کے علاج معالجے کیلئے ادویات و ضروری سامان پہنچا دیا گیا**

چمن (ر ن) چیف جسٹس بلوچستان جسٹس ہاشم خان کاکڑ کے حکم پر ڈاکٹروں کی ٹیم چمن پہنچ گئی چمن میں ہیضے کی وباء پھوٹ پڑنے کے فوراً بعد ڈی سی چمن کیپٹن ........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

(ر) راجہ اطہر عباس، محکمہ صحت چمن اور قبائلی مشر سابق صوبائی وزیر حاجی نصیر احمد باچا خان اچکزئی کی درخواست پر چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ نے ڈی جی ہیلتھ بلوچستان کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ جلد سے جلد چمن کے لیے ڈاکٹروں کی ٹیم تیار کر کے بھیجی جائیں اور ادویات اور دیگر ضروری سامان پہنچایا جائے تاکہ ہیضے کی وباء کے روک تھام کو یقینی بنایا جاسکے، چمن میں گزشتہ ایک دو دن سے اچانک ہیضے کی وباء پھوٹ پڑی ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں چھ سو سے زائد مریض لائے گئے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 2

Dated: 19 AUG 2024

Page No. 13

## بلوچستان، محکمہ موسمیات نے 8 ڈویژنز میں سیلابی وارننگ جاری کردی

### ژوب نصیرآباد سبی لورالائی قلات اور مکران میں آئندہ 36 گھنٹوں کے دوران شدید بارشوں کا امکان ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں طوفانی بارشوں کے باعث سیلابی ریلے، ایک خاتون جاں بحق ہوگئی، محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے 6 ڈویژنوں میں شدید بارشوں اور سیلاب کی وارننگ جاری کردی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے ژوب، نصیر آباد، سبی، لورالائی، قلات اور مکران ڈویژنوں میں آئندہ 36 گھنٹوں کے دوران شدید بارشوں اور اونچے درجے کے سیلابی ریلوں کی پیش گوئی کردی ہے جن سے نشیبی علاقے زیرآب آنے کا اندیشہ ہے محکمہ موسمیات نے تمام متعلقہ اداروں کو اس حوالے سے الرٹ رہنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ دوسری جانب اتوار کو کوئٹہ، ژوب، بارکھان، موسیٰ خیل، بی، شیرانی، کوہلو، بولان، ہرنائی، نصیر آباد، جھل مگسی، جعفرآباد، لورالائی، زیارت، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، مستونگ، قلات، نوشکی، خضدار، لسبیلہ، آواران، خاران، کیچ اور گوادر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ جاری رہا اس دوران قلات میں 48، بارکھان میں 14، خضدار میں 11، کوئٹہ میں (شیخ ماندہ 05)، سبی میں 03، لسبیلہ میں 02 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ شدید بارشوں کے باعث سیلابی ریلوں نے حیصار میں ایک پل کو متاثر کردیا، کردگاپ میں ایک خاتون سیلابی ریلے میں بہہ کر جاں بحق ہوگئی، نوشکی میں سیلابی ریلے میں ریل کی پٹڑی بہہ گئی، جھل مگسی میں کوٹ مگسی اور چھکی کے مقام پر سیلابی پانی گھروں میں داخل ہوگیا جس سے کچے گھروں کو نقصان پہنچا، صحبت پور میں سیلابی ریلہ شہر میں داخل ہوگیا جس سے کئی ایک مقامات پر پانی جمع ہوگیا رات گئے تک 17 علاقوں میں پانی نکالنے کا کام جاری رہا صحبت پور میں ہی منجوثی شاخ کے مقام پر بند میں شگاف پڑ گیا جسے پر کرلیا گیا، نوشکی میں قومی شاہراہ کو نقصان پہنچا جس کی مرمت اور بحالی کا کام شروع کردیا گیا، سبی میں ہرک کازوے پر سیلابی ریلے کی وجہ سے سڑک متاثر ہوئی جس کی بحالی شروع کردی گئی۔ محکمہ موسمیات نے آج پیر کو ژوب، بارکھان، موسیٰ خیل، شیرانی، لورالائی، کوئٹہ، زیارت، قلعہ عبداللہ، قلات، خضدار، قلعہ سیف اللہ اور لسبیلہ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش جبکہ صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

## گوادر فری زون اور سنکیانگ پائلٹ فری ٹریڈ زون میں معاہدہ طے

### توانائی ٹیکسٹائل زرعی مصنوعات تجارت اور لاجسٹکس شعبوں میں تعاون بڑھایا جائیگا

گوادر (آئی این پی) گوادر فری زون (جی ایف زیڈ) اور چین کے سنکیانگ پائلٹ فری ٹریڈ زون (ایکس پی ایف ٹی زیڈ) کے درمیان جامع اقتصادی معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ اس کا مقصد چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے فریم ورک کے تحت لاجسٹک، تجارت اور تجارتی ترقی کے لئے انٹرا ایکوترقی کا ایک نیا نمونہ تیار کرنا ہے۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے عہدیدار نے گوادر پرو کو بتایا کہ گوادر فری زون نے اقتصادی معاہدے پر دستخط کر کے اسے ضروری کارروائی کے لئے سنکیانگ پائلٹ فری ٹریڈ زون کی انتظامیہ کو بھیج دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چائنہ انڈسٹری اور بیز ڈویلپمنٹ ایسوی ایشن بھی دونوں خطوں کی مربوط ترقی کو تیز کرنے کے معاہدے کا حصہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق معاہدہ کرنے والے فریقین کی جانب سے دونوں تجارتی زونز کی اقتصادی ترقی کو مشترکہ طور پر فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے کے ذریعے توانائی، ٹیکسٹائل، زرعی مصنوعات، تجارت اور لاجسٹکس کے شعبوں میں تعاون کو بڑھایا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ کوآرڈینیشن اور عملدرآمد کے لئے ایک مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کیا جائے گا۔ فریقین کے درمیان باقاعدگی سے مواصلاتی نظام قائم کیا جائے گا۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر فری زون دو حصوں پر مشتمل ہے، گوادر ساتھ فری زون 60 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے اور گوادر نارتھ فری زون 2221 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 19 AUG 2024

Page No. 14


سڑکیں اور پل سیلابی ریلوں میں بہہ گئے، کچے مکانات منہدم، فصلیں تباہ، ریلوے، بجلی اور انٹرنیٹ کا نظام درہم برہم

بارش، سیلابی ریلے

# ملک کے کئی علاقوں سے بلوچستان کا زمینی رابطہ منقطع

6 افراد جاں بحق

سارونہ میں آسمانی بجلی گرنے سے 2 چرواہے بچے 11 بکریوں سمیت لقمہ اجل بن گئے، پنجگور میں گراوگ ندی میں مولوی ابراہیم ڈوب کر جاں بحق، پشین کے علاقے منزری عیشزئی ڈیم میں 2 بچیاں ڈوب گئیں، سیلابی ریلے میں بہنے والی خاتون کی نعش مل گئی

چھپر زیارت کے مقام پر جیپ سیلابی ریلے میں بہہ گئی، ڈیرہ اللہ یار میں 2 منزلہ عمارت گرنے سے 3 افراد زخمی، سیلابی ریلوں سے باعث زمینی راستے منقطع ہونے سے زائرین سمیت مقامی لوگوں کو پریشانی کا سامنا

کوئٹہ/ حب/ خضدار/ پنجگور/ قلات/ ڈیرہ اللہ یار/ اندرون بلوچستان (انتخاب نیوز + نمائندگان انتخاب + نامہ نگاران + مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان سمیت ملک بھر میں مون سون بارشوں کا اسپیل جاری ہے، ندی نالوں میں طغیانی اور سیلابی ریلوں کے باعث رابطہ سڑکیں اور پل بہہ گئے جس کے نتیجے میں ملک کے کئی علاقوں سے بلوچستان کا زمینی رابطہ منقطع ہو گیا، مختلف حادثات واقعات میں خاتون اور بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق درینگی سے متصل ضلع خضدار کے علاقے سارونہ کوزیا میں 2 چرواہے عمران دینارزئی اور محمد اسماعیل مینگل بارش شروع ہونے پر بکریوں

بقیہ نمبر45 صفحہ 5 پر

کاریز واپس گھروں کی جانب آ رہے تھے کہ اچانک آسمانی بجلی گرنے کی زد میں آ گئے اور 11 بکریوں سمیت لقمہ اجل بن گئے۔ پنجگور کے علاقے گراوگ ندی میں گلگ کے معروف عالم دین مولوی عبدالحکیم کے فرزند مولوی ابراہیم ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ پشین کے علاقے منزری عیشزئی ڈیم میں 2 بچیاں ڈوب گئیں علاقہ مکینوں نے ریسکیو آپریشن کر کے 2 سالہ بچی کی نعش نکال لی جبکہ 14 سالہ بچی کی نعش تاحال نکالی نہ جا سکی۔ گزشتہ رات کردگاپ کراس پل سے گزرنے والی خاتون سیلابی ریلے میں بہہ کر لاپتہ ہو گئی تھیں، ریسکیو ٹیموں نے نعش سیلابی نالے سے نکال لی۔ قلات کے علاقے چھپر زیارت کے مقام پر سیلابی ریلے میں جیپ بہہ گئی تاہم گاڑی میں سوار تمام افراد محفوظ رہے۔ ڈیرہ اللہ یار میں ٹی چوک کے مقام پر بارش کے دوران 2 منزلہ عمارت گرنے سے 3 افراد زخمی ہو گئے۔ مون سون بارشوں کا اسپیل جاری سارونہ درگاہ شاہ نورانی سڑک مختلف مقامات سے سیلابی ریلوں میں بہہ گئی کئی پلوں کے پشتے اور روڈ اپروچ سائیڈ بھی متاثر سڑک کی زبوں حالی کے سبب زائرین اور مقامی لوگوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا محکمہ مواصلات لسبیلہ و خضدار، حب نے سڑکوں کو بحالی کے احکامات جاری کر دیے اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ حالیہ مون سون بارشوں کے اسپیل کے دوران درینگی سے متصل ضلع خضدار کے علاقہ سارونہ اور درگاہ شاہ نورانی کی سڑک اور پل مختلف مقامات پر موسلادھار بارشوں اور سیلابی ریلوں میں بہہ گئے جسکی وجہ سے درگاہ شاہ نورانی کے زائرین سمیت مقامی لوگوں کو آمد و رفت میں دشواریوں کا سامنا ہے گزشتہ روز بھی زائرین کی ایک بڑی تعداد راستہ خراب ہونے کی وجہ سے پھنس کر رہ گئی جس پر مقامی لیویز اہلکاروں اور مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ زائرین کی گاڑیوں کو کیچڑ اور دلدل سے نکالنے میں مدد کی جبکہ دوسری جانب سیکرٹری مواصلات کی جانب سے صوبہ بھر میں بارشوں کے دوران سڑکوں کو آمد و رفت کیلئے بحال رکھنے کی ہدایات جاری کر رکھی ہیں لیکن یہاں ضلع خضدار اور حب کے محکمہ مواصلات کی جانب سے کسی بھی قسم کے اقدامات نظر نہیں آ رہے اور نہ ہی دونوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے اس حوالے سے کوئی اقدام سامنے آسکا ہے۔ ہفتہ کی شام مختلف علاقوں میں تیز بارشوں کے نتیجے میں نہھار نالے میں اونچے درجے کے سیلاب سے نہھار پل کا ارتھ ورک بہہ گیا جس سے نوشکی شہر سے دیہاتوں کا زمینی رابطہ منقطع ہوا سیلابی پانی سے گزرنے کی کوشش میں ڈبل ڈور پک اپ تیز بہاؤ کی وجہ سے پانی میں بہہ گیا تاہم گاڑی میں سوار افراد کو بچا لیا گیا زمینی راستہ نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ رات دالبندین پر بارش کی وجہ سے بڑے پتھر گرنے کی اطلاع ہیں۔ مسافر سفر میں احتیاط کریں بالخصوص بارش میں دالبندین ٹریک پر سفر نہ کریں۔ بلوچستان میں بارشوں اور سیلابی ریلوں نے ریلوے کے نظام کو درہم برہم کر دیا۔ ریلوے حکام کے مطابق حالیہ مون سون بارشوں کے باعث ہی ہرنائی ریلوے سیکشن 21 جولائی سے بند ہے، اس سیکشن کی از سر نو تعمیر پر ریلوے نے ایک سال کی مکمل تقریباً 4 ارب روپے خرچ کیے تھے۔ کوئٹہ تفتان ریلوے سیکشن پر سیلابی پانی نوشکی کے قریب ریلوے ٹریک کو بہا کر لے گیا، ریلوے لائن پر شگاف پڑنے کے باعث ٹرینوں کی آمد و رفت معطل کر دی گئی ہے۔ نشیبی علاقے زیر آب ہیں جبکہ کوئٹہ چمن ریلوے سیکشن پر ریلوے پٹڑی کئی مقامات پر بہہ گئی جس کے باعث کوئٹہ چمن ٹرین سروس بھی معطل ہے۔ اس وقت کوئٹہ ڈویژن میں صرف ایک ٹرین جعفر ایکسپریس ہے جو کوئٹہ سے پشاور کیلئے چلائی جا رہی ہے۔ پٹ فیڈر کینال کی مختلف ذیلی شاخوں میں لگنے والے شگافوں اور رین کٹس کو محکمہ اریگیشن کی مشنری کی مدد سے پر کر دیا گیا مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر محکمہ اریگیشن پٹ فیڈر کینال پر عملہ تعینات ہے کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے جن مقامات پر شگاف لگے تھے ان پر فوری طور پر کام کو شروع کر کے انہیں پر کر دیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل نے کینال اور اس کی ذیلی شاخوں کے جائزے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 16

Bullet No. 3


# ذاکر بلوچ پر حملے کی اعلیٰ سطحی انکوائری کرائی جائے

وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز

## اس گھناؤنے جرم پر توجہ دینے کے بجائے بے بنیاد بیانات کا مقابلہ کرنے کی جانب توجہ مرکوز کی گئی

**ذاکر بلوچ کے واقعہ کو چار دن گزر چکے ابھی تک کسی نے ذمہ داری قبول نہیں کی جو کہ تشویشناک ہے**

کوئٹہ (یو این اے) وائس فار بلوچ مسنگ پرسن کی سیکرٹری جنرل بی بی دین بلوچ نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ڈی سی پنجگور ذاکر بلوچ پر خوفناک حملے کو چار دن ہو چکے ہیں، ابھی تک کسی نے ذمہ داری قبول نہیں کی۔ حقیقت یہ ہے کہ اتنے اعلیٰ سرکاری افسر کو بغیر کسی تحقیق کے نشانہ بنایا گیا، یہ بات گہری تشویشناک ہے اس گھناؤنے جرم پر توجہ دینے کے بجائے بے بنیاد بیانوں کا مقابلہ کرنے کی طرف کوششیں کی گئی ہیں۔ میں اس واقعہ کی ایک وسیع اور اعلیٰ سطحی انکوائری کا مطالبہ کرتی ہوں تاکہ سچائی سے پردہ اٹھایا جا سکے اور ذمہ دار فریقین کو جوابدہ ٹھہرایا جا سکے۔ ذاکر کا خاندان بجا

بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

طور پر ان مجرموں کے بارے میں وضاحت کا مستحق ہے۔

# روزنامہ انتخاب سمیت اشتہارات کی بندش حکومت صحافت پر قدغن لگا رہی ہے، مرکزی تنظیم تاجران

## آزادی صحافت پر قدغن کسی صورت قبول نہیں، فی الفور اشتہارات جاری اور واجبات کی ادائیگی کی جائے، کاشف حیدری

**حکومت اخبارات پر پابندی لگا کر آزادی صحافت کے بیانیہ کو پامال کر رہی ہے، اخبارات کو سپورٹ کیا جائے، مشترکہ بیان**

کوئٹہ (پ ر) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے رہنماؤں نے صوبائی حکومت کی میڈیا دشمن پالیسی، روزنامہ انتخاب سمیت مختلف اخبارات کے اشتہارات کی بندش اور واجبات کی عدم ادائیگی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب اشتہارات کی بندش اور واجبات کی عدم ادائیگی آزادی صحافت پر قدغن ہے، حکومت بلوچستان کی جانب سے آزادی صحافت پر قدغن کسی صورت قابل قبول نہیں، فی الفور اشتہارات جاری اور واجبات کی ادائیگی کی جائے، یہ بات مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی رہنما، کاشف حیدری، سیکرٹری اطلاعات سیف الدین ناشار،

بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

ایگزیکٹو کمیٹی ممبران سید عبدالباری آغا، حاجی میر حمزہ خلجی، تنظیم تاجران قلعہ سیف اللہ کے صدر مولوی شمس الدین جوگیزئی، مجید کاکڑ محمد عارف کاکڑ، صابر خان، سلطان خلجی ودیگر رہنماؤں نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہی، انہوں نے بلوچستان کے مختلف اخبارات پر پابندی اور اشتہارات کے بندش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے آزادی صحافت پر قدغن کسی صورت قابل قبول نہیں، حکومت اخبارات پر پابندی لگا کر آزادی صحافت کے بیانئے کو پامال کر رہی ہیں جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، حکومت اخبارات پر عائد پابندی ختم کر کے اشتہارات جاری کریں، انہوں نے کہا کہ پرنٹ میڈیا وہ واحد ذریعہ ہے جس کے ذریعے مظلوم عوام کی آواز حکام بالا اور انکے ایوانوں تک پہنچتی ہے، حکومت پرنٹ میڈیا پر پابندی لگا کر کیا ثابت کرنا چاہتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ تعجب کی بات ہے حکومت اخبارات کو سپورٹ کرنے کے بجائے اخبارات پر پابندی عائد کر رہی ہیں حکومت کا یہ اقدام سمجھ سے بالاتر ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated 19 AUG 2024 Page No. 17

## گرفتار ملزم چھڑانے کیلئے اہل علاقہ کا تھانے کے سامنے دھرنا

**وزیر اعلیٰ کے مشیر کی تھانے پہنچ، پولیس کی وضاحت پر مشیر و معتبرین مطمئن، دھرنا منتشر کر دیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گرفتار ملزم کی رہائی کے لئے وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے ماحولیات منظور شہید تھانے پہنچ گئے جبکہ اہل علاقہ کا مشرقی بائی پاس پر تھانے کے سامنے دھرنا، جبکہ ملزم پولیس سے اسلحہ کے زور پر گاڑی چھیننے۔ کار سرکار میں مداخلت سمیت دیگر مقدمات میں مطلوب تھا۔ پولیس کے مطابق منظور شہید پولیس نے مختلف مقدمات میں مطلوب ملزم قدیر خان کو گزشتہ روز گرفتار کیا تھا۔ اتوار کی شب ملزم کو چھڑوانے کے لئے اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے تھانے کے سامنے دھرنا دیا۔ دھرنا کے شرکاء نے الزام عائد کیا کہ پولیس نے قدیر خان کو بلا جواز گرفتار کر کے ایف آئی آر میں علاقے کے سو سے زائد افراد کو نامزد کیا ہے جو غیر قانونی عمل ہے۔ اطلاع ملنے پر وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے ماحولیات بھی ملزم کی رہائی کے لئے تھانے پہنچ گئے، پولیس نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ کے مشیر اور علاقہ معتبرین کو ملزم کے بارے میں حقائق سے آگاہ کیا گیا تو معتبرین نے پولیس سے معذرت کرتے ہوئے دھرنا کے شرکاء کو منتشر کر دیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کار سرکار میں مداخلت، لڑائی جھگڑے اور اسلحہ کے زور پر پولیس سے گاڑی چھیننے کے مقدمات میں مطلوب تھا۔

## پنجگور، چوری کے موبائل فروخت کرنے والا ملزم گرفتار

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور پولیس نے چتکان بازار سے موبائل مرمت کرنے والے تنویر حسین ولد محمد جان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق ملزم موبائل فونز کے آئی ایم ای آئی تبدیل کر کے چوری شدہ موبائل فروخت کرتا تھا۔

Century Express Quetta

## لورالائی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق لورالائی کے علاقے نیو سبزی منڈی میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے برات عرف غفار نامی شخص موقع پر جاں بحق ہو گیا، پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 18

## بھاگ تا بختیار آباد روڈ سیلابی پانی کی نذر، عوام کو مشکلات کا سامنا

**ناقص کارکردگی کی وجہ سے زمینی رابطہ کٹ جانے کا خدشہ ہے، روڈ کی تعمیر شروع کرنے کا مطالبہ**

بھاگ (نامہ نگار) بھاگ تا بختیار آباد روڈ سیلابی پانی کی نذر ہو گیا، پولیس چوکی دشتی کے قریب سے دو مقامات پر سیلابی پانی روڈ سے گزر رہا ہے جس کی وجہ سے ٹرانسپورٹروں کو آنے اور جانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ محکمہ بی اینڈ آر بولان کچھی کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے بھاگ تا بختیار آباد روڈ پر دو مقامات سے سیلابی پانی کراس ہونے کی وجہ سے کسی بھی وقت بھاگ سیلابی ریلہ گزرنے کی وجہ سے بھاگ شہر اور تحصیل بھاگ کا زمینی رابطہ دیگر شہروں سے کٹ سکتا ہے۔ 2022 کا سیلابی ریلہ اس روڈ کو بہا کر لے گیا تھا۔ اہلیان بھاگ نے متعدد بار حکومت، انتظامیہ اور نااہل محکمہ بی اینڈ آر ضلع بولان کچھی کے آفیسران کے نوٹس میں لانے کے باوجود بھی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ اہلیان بھاگ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا کہ ہنگامی بنیادوں پر بھاگ تا بختیار آباد روڈ کے کام کی تعمیر شروع کی جائے تاکہ مون سون کے سیلابی ریلوں اور بارشوں میں بھاگ کے عوام محصور ہو کر نہ رہ جائیں۔

## کلی لوہڑ کاریز کا ٹیوب ویل خراب، قلت آب کا مسئلہ سنگین ہو گیا

**اہل علاقہ کو ٹینکر اور زرنج مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، حکام فوری نوٹس لیں، حاجی رضا محمد جتک**

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) کلی لوہڑ کاریز محلہ کمیٹی کے سربراہ حاجی رضا محمد جتک نے کہا ہے کہ کلی لوہڑ کاریز پی ایچ ای کا ٹیوب ویل ایک ماہ سے خراب ہے جبکہ مسلسل خراب ہونے کی وجہ سے اہل علاقہ اپنی مدد آپ کے تحت اس کی مرمت کرواتے رہے ہیں اب جبکہ ایک ماہ کا عرصہ ہو گیا ہے کہ اہل علاقہ کی بھی استطاعت جواب دے گئی ہے لہٰذا اس مہنگائی میں اہل علاقہ کی جانب سے ٹیوب ویل کی مرمت اب ممکن نہیں رہی انہوں نے پی ایچ ای حکام سے مطالبہ کیا کہ علاقہ کے ٹیوب ویل کی مرمت کرائی جائے علاقے میں پانی کی قلت کی وجہ سے بڑے بوڑھے پانی کی تلاش میں دن بھر سرگرداں رہتے ہیں جبکہ اہل علاقہ ٹینکر اور زرنج مافیا کے رحم و کرم پر ہیں جو دونوں ہاتھوں سے غریب عوام کو لوٹ رہے ہیں دوسری جانب واسا کی جانب سے بور کیے گئے ٹیوب ویلز کو تاحال فعال نہیں کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ علاقہ ایم پی اے نے آج تک علاقہ کے دورہ کی زحمت نہیں کی اگر صورتحال کا نوٹس نہیں لیا گیا تو اہل علاقہ احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں زائرین کی آمدورفت کے باعث شہر میں بدترین ٹریفک جام

**شہر کے مختلف چوراہوں پر سینکڑوں گاڑیاں اور شہری پھنس گئے، شدید مشکلات درپیش**

**زائرین کی آمدورفت رات کے اوقات میں کی جائے، شہریوں کا حکومت سے مطالبہ**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں زائرین کی آمدورفت کے باعث ٹریفک شدید جام ہو گیا تفصیلات کے مطابق اتوار کی شب زائرین کی روانگی کے موقع پر کوئٹہ شہر کی تمام بڑی سڑکوں کو بند کیا گیا جس کی وجہ سے شہر میں بدترین ٹریفک جام ہوئی جس سے.......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

لوگوں کی بڑی تعداد گھنٹوں تک ٹریفک میں محصور ہو کر رہ گئی زائرین کی آمد سے آدھ گھنٹہ قبل سڑکوں کو بند کیا گیا جس کی وجہ سے بدترین ٹریفک جام ہو گیا اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ زائرین کی آمدورفت رات کے اوقات میں کی جائے تاکہ سڑکیں بند ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 19 AUG 2024

Page No. 20


## کیچ بارڈر کی بندش، سرحدی علاقوں کے مکین معاشی بدحالی کا شکار

بلوچستان کا شمار ملک کے پسماندہ ترین صوبوں میں ہوتا ہے ملک کے دیگر صوبوں کی نسبت یہاں بے روزگاری کی شرح بہت زیادہ ہے۔ایران سے منسلک کیچ بارڈر کی بندش کے باعث بے روزگاری میں مزید اضافہ ہورہا ہے اور سرحدی علاقے سے منسلک تاجر، ٹرانسپورٹرز، نوجوان طبقہ معاشی حوالے سے بہت زیادہ متاثر ہورہے ہیں کیونکہ ان کا ذریعہ معاش سرحدی تجارت سے وابستہ ہے۔کیچ میں کوئی بڑی صنعت اور دیگر روزگار کے مواقع موجود نہیں۔بارڈر ایریا میں اشیاء خورد ونوش اور دیگر اشیاء ضرورت پر کم سے کم ٹیکس عائد کرکے ان کو تجارت کے لئے کھولنے کی بابت عملی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ وہاں بے روزگاری کا خاتمہ ممکن ہو اور علاقے کے عوام میں پائی جانی والی بے چینی کا خاتمہ ہوسکے۔ وفاقی حکومت کو چاہئے کہ بلوچستان کے سرحدی پوائنٹس میں اضافہ کرکے تجارت کی غرض سے مزید گیٹ کھولے تاکہ لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آسکیں۔ سرحد پار سے مقامی لوگوں کو اشیاء خورد ونوش سمیت دیگر اشیاء لانے کی اجازت دی جائے اس سے ایک تو بے روزگاری میں کمی آئیگی دوسرے لوگوں کے گھر کا چولہا بھی جلتا رہے گا۔ وفاقی حکومت بلوچستان میں سرحدی تجارت کو فروغ دے۔ٹوکن سسٹم کے نام پر لوگوں کو تنگ کیا جاتا ہے اس کا خاتمہ کیا جائے۔ بلوچستان حکومت وفاقی حکومت سے رجوع کرکے بلوچستان کے بارڈر ایریاز میں تجارتی سرگرمیوں کو بحال کرائے۔حکومت سرحدی تجارت کے حوالے سے اقدامات اٹھائے۔ گزشتہ روز کیچ کے ضلعی انتظامیہ نے مقامی تاجروں کو یقین دہانی کرائی کہ آئندہ چند روز میں سرحد کھولنے کے حوالے سے اعلیٰ حکام سے بات کرینگے تاکہ کیچ کے سرحدی علاقوں میں معاشی سرگرمیاں بحال ہوسکیں۔ یہ خوش آئند بات ہے مگر اس پر جلد پیش رفت ضروری ہے کیونکہ تاجر برادری کی جانب سے کہا گیا ہے کہ اگر کیچ کے سرحدی علاقوں کی بندش کو برقرار رکھا گیا تو مجبوراً احتجاج کا راستہ اپنایا جائے گا لہٰذا صوبائی حکومت کیچ سرحد کھولنے کے حوالے سے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے تاکہ احتجاج کی نوبت نہ آئے۔ کیچ میں معاشی سرگرمیوں کی بحالی سے لوگوں کا روزگار بحال ہوگا، بندش سے فاقہ کشی کی صورتحال پیدا ہوگی۔ امید ہے کہ کیچ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع جو ایران سرحد سے منسلک ہیں وہاں معاشی سرگرمیوں میں تیزی لانے کے حوالے سے اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ سرحدی علاقوں کے لوگوں میں موجود بے چینی ختم ہوجائے اور معاشی سرگرمیوں کے ذریعے ان کے معاشی مسائل کسی حد تک حل ہوسکیں۔

## بارشوں کی تباہ کاریاں جاری: متاثرین حکومتی توجہی کے منتظر

بلوچستان سمیت ملک بھر میں مون سون کی طوفانی بارشوں کے باعث ایک بار پھر ہنگامی صورتحال فتی دکھائی دے رہی ہے ہر چند کہ ہنگامی حالات سے نمٹنے کے وفاقی اور صوبائی اداروں نے بروقت الرٹ بھی جاری کیا تھا وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے بروقت متنبہ بھی کیا تھا اور ضروری اقدامات بھی یقینی بنائے گئے تھے مگر اس کے باوجود مختلف اضلاع سے شدید نقصانات کی اطلاعات ہیں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کی بھی خبریں رپورٹ ہورہی ہیں اور ہمارے صوبے بلوچستان کی اگر بات کریں تو موصول اطلاعات اور رپورٹ ہونے والی خبروں کے مطابق بارشوں اور سیلابی ریلوں نے ہر طرف تباہی مچادی ہے طوفانی بارشوں سے تین افراد جاں بحق ہوئے ہیں کئی علاقوں سے زمینی رابطے منقطع ہوگئے درجنوں کچے مکانات اور دیواریں منہدم ہوگئیں بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بجلی اور مواصلاتی نظام درہم برہم ہوگیا چمن ہرنائی ڈیرہ اللہ یارنوشکی ریلوے ٹریک ڈوب گئے بلوچستان کے مختلف شاہراہ بند ہونے کے باعث اشیا خوردنوش کی قلت اور قیمتیں بڑھنے لگی مختلف علاقوں کے اکثر پل پانی میں بہہ گئے مختلف شاہراہیں بند ہونے سے سینکڑوں گاڑیاں پھنس گئیں ضلعی انتظامیہ نے ضلعی انتظامیہ نے ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے بلوچستان بھر میں فلڈ کنٹرول روم قائم کردیے این ڈی ایم اے کے مطابق آئندہ چوبیس سے اڑتالیس گھنٹوں میں بارشوں کے نتیجے میں بلوچستان کے مختلف شہروں میں اربن فلڈنگ کا خطرہ ہے، کوئٹہ کراچی' کوئٹہ چمن اور کوئٹہ ہرنائی روڈ بند مستونگ میں متعدد افراد ندی نالوں میں بہہ گئے دو افراد جان سے گئے دس سے زائد زخمی ہوئے ہیں' چمن نصیرآباد قلات شیرانی ہرنائی اور دیگر علاقوں میں طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی اور قومی شاہراہیں بارش کی وجہ سے بند رہے جس سے آنے جانیوالے مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا طوفانی بارشوں کے بعد نشیبی علاقے زیرآب آگئے اور سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی جبکہ منہ زور ریلے سب کچھ بہا کر لے گئے، مواصلاتی نظام بھی درہم برہم ہوکر رہ گیا۔ ضلع چمن اور قلعہ عبداللہ بھی شدید متاثر ہوئے جعفرآباد میں بجلی کے کھمبے گر گئے۔ کوئٹہ چمن ریلوے لائن سیلابی ریلے میں بہہ گئی جس کے نتیجے میں ٹرین سروس معطل ہوگئی۔ مستونگ بھی ڈوب گیا، مختلف حادثات میں دس افراد زخمی ہوگئے۔ کئی علاقوں میں مکانات کو نقصان پہنچا مچھ میں موسلا دھار بارش سے بولان قومی شاہراہ کے نشیبی علاقے زیرآب آنے سے بدترین ٹریفک جام ہوگیا۔ ہرک کازوے کے مقام پر سیلابی ریلے کے باعث متعدد گاڑیاں پھنس گئیں۔ این ایچ اے حکام کا کہنا ہے کہ سیلابی ریلے کے باعث بلوچستان کا ملک کے دیگر علاقوں سے رابطہ منقطع ہوگیا، لوگ بولان شاہراہ پر سفر کرنے سے مکمل گریز کریں۔ سیلابی ریلوں کے باعث کوئٹہ تفتان سبی شاہراہیں بند ہوگئیں۔ ملک کے دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی مون سون کے اسپیل کے بعد سیلاب نے نظام زندگی مفلوج کردی، کئی شہروں کا نقشہ ہی بدل گیا۔ جعفرآباد، قلات، مستونگ، نوشکی، پشین اور چمن میں موسلا دھار بارشوں کے بعد سڑکوں پر سیلاب کا منظر ہے، بارش کا پانی گھروں اور ہسپتالوں میں داخل ہونے سے شہری دہری اذیت میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ سڑکوں پر پانی جمع ہونے سے کوئٹہ نوشکی شاہراہ ٹریفک کے لئے بند کردی گئی، مچھ کے نشیبی علاقے بھی زیرآب آگئے، مچھ بولان قومی شاہراہ ٹریفک کیلئے ہرک کازوے کے مقام پر مکمل بند کردی گئی جس کے بعد بلوچستان کا اندرون ملک سے رابطہ منقطع ہوگیا۔ قومی شاہراہ زیرآب آنے سے گاڑیاں پھنس کر رہ گئیں۔ قلات میں موسلا دھار بارش کے باعث کچے مکانات میں دراڑیں پڑ گئیں، مختلف دیہاتوں میں سیلابی پانی گھروں میں داخل ہونے سے اندرون خانہ کام کاج شدید متاثر ہوکر رہ گیا۔ مستونگ میں طوفانی بارشوں اور تیز ہواؤں کے باعث سولر پینلز گرنے سے کئی افراد زخمی ہوئے، دو گھروں کو مکمل جب کہ 4 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا، چمن کے مختلف علاقوں میں کئی گھر منہدم ہوگئے اور دیواریں گرنے سے متعدد افراد زخمی ہوئے۔ بلوچستان میں بارشوں اور سیلابی ریلوں نے ریلوے کے نظام کو درہم برہم کردیا، کوئٹہ چمن ریلوے پٹری کئی مقامات پر بہہ گئی، نوشکی میں بھی ریلوے ٹریک میں شگاف پڑ گیا جس کی وجہ سے ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہے۔ پاک ایران ریلوے رابطہ بھی منقطع ہوگیا۔ اگلے چوبیس گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر علاقے ایک بھاری موسمی نظام کے زیرسایہ رہیں گے جس سے سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور مٹی کے تودے گرنے کا خطرہ ہے۔ یہ نظام ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، شیرانی، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، دکی، کچھی، ہرنائی، زیارت، قلات، سوراب، خضدار میں وقفے وقفے سے تیز بارش کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ جس سے سبی، مسلم باغ نصیرآباد، اوستہ محمد، جھل، صحبت پور، آواران، کیچ، پنجگور، گوادر، جیونی، پسنی، اور ماڑہ، حب اور لسبیلہ کے نشیبی علاقے زیرآب بھی آسکتے ہیں۔ جس کے پیش نظر چوکس رہنے اور فوری ضروری اقدامات کی تاکید کی گئی ہے محکمہ موسمیات نے چھ ڈویژنز میں شدید بارشوں اور سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے دوسری جانب ملک کے دیگر حصوں میں بھی کافی نقصانات ہوئے ہیں این ڈی ایم اے نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ ملک بھر میں یکم جولائی سے سترہ اگست تک ہونے والی بارشوں کے دوران ایک سو اٹھانوے افراد جاں بحق اور تین سو تینتیس افراد زخمی ہوئے ہیں بارشوں کے دوران سب سے زیادہ صوبہ پنجاب میں اڑسٹھ شہری جاں بحق ہوئے، خیبرپختونخوا میں پینسٹھ اور سندھ میں مختلف حادثات میں بتیس افراد جان کی بازی ہار گئے۔ بارشوں کے نتیجے میں سینکڑوں مکانات بھی تباہ ہوگئے اور سینکڑوں گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے علاوہ ازیں رابطہ سڑکیں اور پل بھی متاثر ہوئے ہیں یہ کوئی پہلی بار نہیں ہے ایک عرصے سے یہ ہوتا آیا ہے کہ ہم کبھی بارشیں نہ ہونے سے خشک سالی اور قحط کی صورتحال سے گزرتے ہیں اور کبھی شدید بارشوں اور سیلابی ریلوں سے تباہی کا سامنا کرتے ہیں سال دو ہزار بائیس میں مون سون ہی میں جو تباہی ہوئی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے اپنی آنکھوں سے اس کا مشاہدہ کیا اور قرار دیا کہ یہ تباہی موسمیاتی تبدیلی کے باعث ہوئی ہے انہوں نے عالمی برادری سے فوری امداد کی بھی بار ہا اپیل کی عالمی برادری کی جانب سے اعلانات بھی بہت ہوئے مگر افسوس کا مقام ہے کہ عالمی برادری نے اپنے وعدے پورے نہیں کئے اب جبکہ ہماری حکومت کو پہلے سے وسائل کی شدید کمی کا سامنا ہے ایسے میں موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور تباہ کن صورتحال نے ایک نئی مشکل کو جنم دیا ہے مشکل کی اس گھڑی میں عوام حکومت کی طرف دیکھ رہے ہیں حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے تاہم ضروری ہے کہ حکومت کا ہاتھ بٹانے کے لئے مخیر حضرات، سماجی تنظیمیں، سیاسی جماعتیں اور سول سوسائٹی بھی آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کرے تاکہ متاثرین کی امداد و بحالی کو یقینی بنایا جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 23

## Balochistan needs relief

The recent announcement of Rs 14 per unit reduction in electricity tariffs in Punjab by PML-N Supremo Nawaz Sharif has sparked a strong reaction from Balochistan. While the people of Punjab are celebrating this much-needed relief, those in other provinces, particularly Balochistan, are crying foul. The reduction in electricity tariffs is undoubtedly a commendable decision, providing much-needed respite to the masses. However, it has also highlighted the glaring disparities in the distribution of resources and relief measures across provinces. Electricity bills are high everywhere and relief should be given across the board. The grievances of masses with regard to huge electricity bills are genuine and the federal government must pay focus towards other provinces and relief in power tariff should be enjoyed by all citizens. In Balochistan, the situation is dire. The province has been grappling with huge electricity bills and prolonged load-shedding, which has brought the agriculture sector to its knees. The remote areas of Balochistan, where agriculture is the primary source of livelihood, have been severely affected, leaving thousands of people jobless. Similarly, in urban areas, the high electricity bills have forced small and big workshops to minimize their activities, resulting in significant economic losses and unemployment.

The people of Balochistan and other provinces are justified in demanding similar relief measures from the federal government. It is the responsibility of the government to ensure that all citizens, regardless of their province or region, have access to affordable electricity. The reduction in electricity tariffs in Punjab sets a precedent, and it is essential that the federal government follows suit in other provinces.

The federal government must take immediate action to address the concerns of the people of Balochistan and other provinces. A uniform policy to reduce electricity tariffs across the country is the need of the hour. This will not only provide relief to the masses but also promote economic growth and development. Providing relief to masses in electricity bills would be a great step at this critical juncture where people hailing from all walks of life are facing immense challenges owing to high inflation and sky-rocketing prices.

While the reduction in electricity tariffs in Punjab is a welcome move, it is essential that the federal government takes a more inclusive approach to address the concerns of all provinces. Only then can we truly say that the government is committed to providing relief to the masses and promoting economic growth and development across the country.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 24

# Ghost Employees Epidemic

The recent decision by the Quetta Metropolitan Corporation (QMC) to terminate the services of 1,400 ghost employees is a step in the right direction to address a pervasive and debilitating problem that has plagued Balochistan for far too long. The existence of these phantom workers on government payrolls is a glaring indictment of the systemic corruption and inefficiency that has crippled the province's development. Ghost employment is not merely a statistical anomaly; it is a cancer that has metastasized throughout the bureaucratic body of Balochistan, siphoning off precious resources that should be allocated to public welfare. The revelation that these 1,400 individuals were drawing salaries without performing any discernible duties is a stark reminder of the extent to which the province's coffers have been plundered. The financial implications of this scourge are staggering. Millions of rupees, desperately needed for essential services like education, healthcare, and infrastructure, have been diverted into the pockets of non-existent employees. This misallocation of funds has directly contributed to the province's underdevelopment and the erosion of public trust in government institutions. Beyond the fiscal crisis, ghost employment has also compromised the efficiency and effectiveness of government departments. When positions are filled by phantom workers, it creates a vacuum of accountability and hampers the delivery of public services. The sanitation and fire brigade departments, which are crucial for the well-being of the populace, have been particularly affected by this malaise. It is no wonder that the province grapples with challenges like poor waste management and inadequate fire safety measures. The decision to outsource sanitation services to a private company is a commendable attempt to address the issue head-on. By introducing competition and performance-based metrics, it is hoped that the quality of sanitation services will improve significantly.

However, it is imperative that the government remains vigilant and ensures that the private contractor does not succumb to the same corrupt practices as its predecessors. QMC's action is a positive development, it is just the tip of the iceberg. Ghost employees are likely to be found in every nook and cranny of the provincial bureaucracy. A comprehensive audit of all government departments is urgently needed to identify and eliminate these financial vampires. Moreover, stringent measures must be put in place to prevent the recurrence of

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 19 AUG 2024 Page No. 25


this problem. This includes strengthening internal controls, implementing robust verification processes, and imposing severe penalties on those involved in such fraudulent activities. The fight against ghost employment is a long and arduous one. It requires the concerted efforts of the government, civil society, and the people of Balochistan. By working together, we can reclaim the stolen wealth and build a Balochistan where resources are utilized efficiently and effectively for the benefit of all its citizens. It is essential to note that this is just the beginning. The government must now focus on implementing a transparent and merit-based recruitment process to ensure that qualified individuals are hired to fill the vacancies created by the removal of ghost employees. Additionally, there is a need for capacity building within government departments to improve their efficiency and accountability.

Eradication of ghost employment is not merely about saving money; it is about restoring faith in governance and creating a level playing field for all citizens. By tackling this issue head-on, Balochistan can embark on a path of sustainable development and prosperity. Ghost employment is a serious issue that places a significant burden on the economy. It occurs when individuals are listed as employees on payroll records but do not actually exist or perform any work. These fictitious employees receive salaries, benefits, and other perks without contributing to the organization's productivity. The most obvious impact is the direct loss of public funds through fraudulent salaries and benefits. These funds could have been allocated to essential public services like education, healthcare, and infrastructure. Ghost employees often facilitate tax evasion, depriving the government of crucial revenue. Ghost employment fosters corruption and undermines the efficiency of government agencies. It creates an unfair advantage for those involved in the scheme, distorting the labor market.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: ______ Page No. ______



صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل اور ڈائریکٹر منظور احمد مختلف اسکولوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنیوالوں کو ایوارڈ دینے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 19 AUG 2024 Page No. ______




کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان ڈپٹی کمشنرز کی پولیو وائرس سے متعلق ورکشاپ میں شریک ہیں